پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

20 نومبر، 2019

## ریزروبینک آف انڈیا نے بینک آف بڑودہ اورانڈین بینک پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے اپنے حکمنامہ مورخہ 18 نومبر، 2019 کے ذریعہ بینک آف بڑودہ پراکاؤنٹ پے ای چیکوں کی جمع کاری، جلسازی کی رپورٹنگ، سیونگ (ایس بی) بینک اکاؤنٹ کا کھولا جانا، صارفین کے شناختی ریکارڈ کا تحفظ اور جانئے اپنے صارف کو( کے وائی سی)/انسدادمنی لانڈرنگ (اے ایم ایل) ضوابط کے تعلق سے جاری ہدایات پر عمل آوری نہ کرنے کے پاداش میں مالی جرمانہ عائد کیا ہےاوراسی طرح مورخہ 18 نومبر، 2019 کے جاری کردہ حکمنامہ کے ذریعہ انڈیا بینک پربھی سیونگ اکاؤنٹ کھولے جانے اور کے وائی سی/اے ایم ایل کے تعلق ضوابط پر عمل آوری نہ کرنے کی وجہ سے مالی جرمانہ عائد کیا ہے۔تفصیل حسب ذیل ہے:

| نمبرشمار | بینک کا نام | جرمانہ کی رقم (روپئے کروڑ میں) |
|---|---|---|
| 1 | بینک آف بڑودہ | 2.50 |
| 2 | انڈین بینک | 0.75 |

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(c) کے سیکشن 47A(4)(i) اور 51(1) کوشامل کرکے پڑھا جائے، کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جرمانہ عائد کئے گئے ہیں، کیونکہ بینکوں نے کھاتے کھولتے وقت بینک ہدایات پر عمل نہیں کیا۔اس کارروائی کی بنیاد ہدایات پر عدم عمل آوری ہےاور اس کا مطلب کسی ٹرانزکشن یامعاہدہ جوبینکوں کے ذریعہ اپنے صارفین سے کیا گیا، اس کی مجازیت کوختم کرنانہیں ہے۔

### پس منظر

آر بی آئی کومختلف سرکاری ایجنسیوں ڈپارٹمنٹ میں مختلف کوآپریٹوسوسائٹی میں بینکوں میں ان کے ذریعہ فنڈس نکالنے میں جلسازی اوراس کی اطلاع متعلقہ شکایت کے ذریعہ موصول ہوئی، سیکورٹی کے ذریعہ یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ مذکورہ بینکوں نے آربی آئی کے ذریعہ جاری کردہ تجاویز کی بنیاد پراکاؤنٹ پے ای چیکوں کے کلکشن، جلسازی کی اطلاع، سیونگ بینک اکاؤنٹ کا کھولا جانا، صارفین کی شناخت کیلئے ریکارڈ کی حفاظت اور کے وائی سی/اے ایم ایل ضوابط کی خلاف ورزی کی۔ان حقائق کی بنیاد پر بینکوں کواس مشورہ کے ساتھ نوٹس جاری کئے گئے کہ وہ وجہ بتائے کہ کیوں نہ ان پر مالی جرمانہ مذکورہ بالا ہدایات پر عمل نہ کئے جانے کے پاداش میں عائد کیا جائے۔ بینکوں کے ذریعہ ارسال کردہ جواب پر غور کرنے اور ذاتی سماعت کے بعد آربی آئی اس نتیجہ پر پہنچا کہ آربی آئی ہدایات پر عمل نہ کئے جانے کا الزام دونوں بینکوں پر صحیح پایا گیا۔لہٰذاان بینکوں پر مالی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز:2019-2020/1233